5074 ـ جب مسجد میں داخل ہو تو کیا تحيۃ المسجد ادا کرے گا؟

سوال

کیا اگر امام یا مقتدی فجر کی سنتیں گھر ادا کر کے آئے تو مسجد میں تحیۃ المسجد ادا کرے گا؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو واقعہ ایسا ہی ہو جیسا سوال میں بیان ہوا ہے تو اس کے مشروع ہے کہ جب وہ مسجد میں داخل ہو تو بیٹھنے سے قبل تحیۃ المسجد ادا کرے، اور امام کو چاہیے کہ وہ نماز کی اقامت کا کہے، تو وہ تحیۃ المسجد کا محتاج نہیں رہے گا، کیونکہ اس سے فرضی نماز کافی ہو جائیگی.

اور اسی طرح جب مسجد میں آئے اور نماز کھڑی ہو چکی ہو تو وہ بھی تحیۃ المسجد نہیں ادا کرے گا.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے..